سوال

بیماری کی وجہ سے پیشاب کے قطرے کپڑوں کو لگنا اور پھر اس میں نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی آدمی کو پیشاب کی بیماری ہے چلتے ہوئے یا پیشاب کرنے کے بعد پیشاب کے قطرے نکل جاتے ہیں کیا وہ ان کپڑوں میں نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں اگر پڑھ سکتا ہے تو حدیث کے حوالہ میں وضاحت فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر قطرہ پیشاب کبھی کبھار آتا ہے تو بدن یا کپڑے کی جس جگہ پر قطرہ لگا اس کو دھوئے وضوء کرے اور نماز پڑھے ۔ اور اگر قطرہ ہمیشہ آتا ہے کہ اس کےلیے ایک نماز باطہارت پڑھنا ۔ متعذر ہے تو وہ ہر نماز کےلیے وضوء کرے اور نماز پڑھے دلیل حدیث استحاضہ ۔

''استحاضہ وہ خون ہوتا ہے جو ایام حیض کے بعد خاکی یا زرد رنگ کا جاری ہوتا ہے یہ ایک مرض ہے جب عورت اپنے حیض کی عادت کے دن پورے کر کے پھر اسے غسل کر کے نماز شروع کر دینی چاہیے کیونکہ خون استحاضہ کا حکم خون حیض کے حکم سے مختلف ہے ۔

ہاں یہ بہت ضروری ہے کہ ہر نماز کےلیے نیا وضوء کرتی رہے رسول اللہ ﷺ نے حضرت فاطمہ بنت ابی حبیش رضی اللہ عنہا سے فرمایا ۔ ہر نماز کےلیے وضوء کر لیا کرو'' (بخاری الوضوء ۔ باب غسل الدم حدیث 228)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

طہارت کے مسائل ج1 ص90